ادارہ

تعارف تبصرہ کتب

نام کتاب: تنشیط الاحوذی شرح جامع ترمذی　افادات: شیخ الحدیث حضرت مولانا نورالھدی صاحب مدظلہ

ضخامت: ۴۲۴ صفحات ج ا　قیمت: درج نہیں　ناشر: حافظ سید لیاقت علی شاہ جامعہ اسلامیہ درویشیہ سندھی مسلم سوسائٹی کراچی

صحاح ستہ میں جامع السنن للامام الترمذی بالاتفاق شامل ہے اور سالہا سال سے محدثین و محققین کی تحقیقات اور تدقیقات کی جولانگاہ رہی ہے۔ ہر دور میں علماء نے اس کتاب کی بھرپور خدمت کی ہے یہی وجہ ہے کہ کثیر تعداد میں اس کی شروح مختصراً اور مطولاً پائی جاتی ہے اور یہ سلسلہ تاہنوز جاری و ساری ہے۔ حال ہی میں شیخ الحدیث مولانا نورالھدیٰ صاحب مدظلہ نے عربی زبان مین اسکی سہل آسان اور انتہائی جامع شرح بنام "تنشیط الاحوذی" شائع کرائی ہے۔ نبذۃ من خصائص تنشیط الاحوذی کے زیر عنوان ڈاکٹر شمس الھدیٰ صاحب رقمطراز ہیں۔

ا۔ تحقیق السند واحوال الرواۃ　ب۔ التحقیقات اللغویہ　ج۔ شرح الاحادیث　د۔ التطبیق بین الاحادیث المتعارضۃ ظاہرا　ھ۔ تحقیق المذاہب المتعددۃ وغیرھا وتحقیق ادلتھا　و۔ المذھب الحنفی فی ضوء احادیث الابواب　ز۔ ترجیح المذہب المنصور　ح۔ النکات النادرہ والفوائد النفیسہ　ط۔ تلخیص الکتب المحولۃ علیھا　ی۔ اجوبۃ الاعتراضات الواردۃ علے الاحادیث　ک۔ الامتزاج بین الحدیث والفقہ　ل۔ الرد علی الآراء الفاسدۃ والافکار الکاسدۃ بالحجج الباھرۃ　م۔ الاجتناب عن التطویل بلا طائل والاطناب　ن۔ سھل الضبط والبیان

آپ کی یہ عظیم الشان علمی اور تحقیقی کاوش قابل صد مبارکباد و لائق تحسین ہے۔ کہ آجکل جو سہل انگاری اور تساہل پسندی کا رجحان عام ہے۔ عربی شروح اور حواشی کے بجائے اردو شروحات کے مطالعہ کا ذوق غالب ہے۔ ایسے دور اور ایسے حالات میں تنشیط الاحوذی جیسی شرح طلبہ اور فضلاء اور مدرسین حضرات کیلئے یہ ایک نعمت غیر مترقبہ ہے۔ خدا کرے کہ اس شرح کی باقی جلدیں بھی جلد منصۂ شہود پر آجائیں اور علمی دنیا اس سے مستفید اور مستفیض ہو۔

نام کتاب: پاک و ہند کے نامور علماء و مشائخ　فقیہ العصر حضرت مولینا مفتی عبدالشکور ترمذیؒ

مرتب　مولانا حافظ قاری سید اکبر شاہ بخاری　ضخامت　۳۲۰ صفحات

قیمت: درج نہیں　ناشر: ادارہ اسلامیات انارکلی لاہور

فقیہ العصر حضرت مولانا مفتی عبدالشکور ترمذیؒ دارالعلوم دیوبند کے مایہ ناز فضلاء میں سے تھے جنہیں شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی قدس سرہٗ سے شرف تلمذ حاصل تھا اور حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانویؒ کے اجل